| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 1 | اُستاد کا نام: ______ |

| تعارف |
|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- نئی جماعت میں اپنا تعارف کروا سکیں۔
- ساتھیوں کو جماعت میں خوش آمدید کہہ سکیں۔
- اپنی اسلامیات کی کتاب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختۂ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ اسلامیات (جماعت 5) کی کتاب، سوال نامہ

**تحریکی سرگرمی:** 10 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

پہلے دِن کو ایک دوسرے سے تعارف کے لیے مخصوص رکھیں تاکہ طلبہ ایک دوسرے کو جان سکیں اور نئی جماعت کا پہلا دِن اُن کے لیے خوش گوار ہو سکے۔ تمام طلبہ کو نئی جماعت میں آنے پر مبارک باد دیں اور گرم جوشی سے خوش آمدید کہیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 22 منٹ

- طلبہ سے کہیں کہ باری باری جماعت کے سامنے آئیں، اپنا تعارف کروائیں اور اپنی پسند و ناپسند بھی بتائیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ وہ اپنا تعارف کیسے کروائیں گے۔
- میرا نام ______ ہے۔
- میں ______ جماعت میں پڑھتا ہوں اور میرے دوست کا نام ______ ہے۔
- میرا پسندیدہ مضمون ______ ہے۔
- میری پسندیدہ ٹیچر کا نام ______ ہے۔
- میرا پسندیدہ کھیل/ پھل، سبزی وغیرہ ______ ہے۔
- میرا پسندیدہ مشغلہ ______ ہے۔

- ایک دوسرے کے بارے میں جاننے میں طلبہ کی مدد کریں۔
- طلبہ سے کہیں کہ دیا گیا سوالنامہ حل کریں۔
- اس کے بعد تختۂ تحریر پر ”اسلامیات“ نمایاں کر کے لکھیں۔
- طلبہ کو مضمون کے متعلق بتائیں کہ اس مضمون میں وہ کیا کیا پڑھیں گے۔
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہر وقت باوضو رہا کریں اور ذکرِ الٰہی سے اپنی زبانوں کو تر رکھیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ کتاب ہماری سب سے اچھی دوست ہوتی ہے۔ ہمیں اس کی حفاظت کرنی چاہیے، اس کا احترام کرنا چاہیے اور اسے کبھی نیچے نہیں پھینکنا یا پھاڑنا نہیں چاہیے۔

**سوالنامہ:** **8منٹ**

1. آپ کا نام کیا ہے؟ ______
2. آپ کہاں رہتے ہیں؟ ______
3. آپ کے والد کا کیا نام ہے؟ ______
4. آپ کی عمر کیا ہے؟ ______
5. آپ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟ ______
6. آپ کہاں پیدا ہوئے؟ (شہر یا گاؤں کا نام) ______
7. آپ کے کتنے بہن بھائی ہیں؟ بہن ______ بھائی ______
8. آپ کی پسندیدہ چیزیں کون سی ہیں؟

کھانا ______ رنگ ______ کھیل ______

9. آپ کو اپنے اسکول کے بارے میں کیا پسند ہے؟ ______
10. اپنی کوئی سب سے اچھی بات لکھیں۔ ______
11. اس سال کے لیے آپ کا عزم کیا ہے؟ ______
12. آپ اپنے اُستاد سے کیا توقعات رکھتے ہیں؟ ______

**جائزہ:**

N/A

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون:اسلامیات | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:1 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: ناظرہ قرآن مجید | باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قرآن مجید کے پارہ ۱۹ تا ۳۰ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔
- دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے قرآن مجید کا مختصر تعارف پوچھیں۔ انھیں بتائیں قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ آخری آسمانی کتاب ہے۔ حضرت محمد خاتم النبیین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ پر نازل کیا گیا۔

انھیں بتائیں قرآن مجید میں تیس پارے ہیں اور ہر پارے کو عنوان دیا گیا ہے۔ انھیں بتائیں اس جماعت میں ہم پارہ ۱۹ تا ۳۰ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کرنا سیکھیں گے۔

**نوٹ برائے اساتذہ کرام:** قرآن مجید کے پارہ (۱۹ تا ۳۰) کی پڑھائی کو سال میں اس طرح تقسیم کریں کہ سال کے اختتام تک طلبہ ان پاروں کی پڑھائی مکمل کر لیں۔ اس مقصد کے لیے ناظرہ قرآن مجید کا الگ پیریڈ مختص کریں۔

## طریقہ تدریس: 25منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں انھیں قرآن مجید کی کون سی سورت زبانی یاد ہے؟ انھیں بتائیں کہ قرآن مجید وہ واحد کتاب ہے جو انسان کو اللہ تعالیٰ کی بندگی کا طریقہ بتاتی ہے۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر ۳ کھولنے کی ہدایت دیں اور سبق کے آغاز میں پارہ ۱۹ تا ۳۰ کے عنوانات کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں قرآن مجید کی فضیلت سے آگاہ کریں اور بتائیں کہ قرآن مجید کی تلاوت کرنے کا بہت ثواب ہے اور اس کا ایک حرف پڑھنے سے دس نیکیاں ملتی ہیں۔

- طلبہ کو بتائیں چونکہ قرآن مجید عربی زبان میں نازل ہوا ہے اس لیے اس کو پڑھنے کے لیے حروف کی ادائی کا دُرُست ہونا بہت ضروری ہے یعنی قرآن مجید کی تلاوت کے دوران مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔
- طلبہ کو قواعد تجوید (غنہ، قلقلہ، جزم اور مد) کے بارے میں بتائیں نیز یہ بھی بتائیں کہ قرآن مجید کو قواعد تجوید کے ساتھ تلاوت کرنے سے مراد ہے کہ ہر حرف کو اس کے درست مخرج کے ساتھ اور تمام اعراب و حرکات کی درست ادائی کے ساتھ پڑھا جائے۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ روزانہ کی بنیاد پر قرآن مجید کی تلاوت کا معمول بنائیں نیز اس کی تعلیمات پر عمل کریں تاکہ دنیا اور آخرت میں سرخرو ہو سکیں۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

پڑھائے گئے تصور کو مختصراً دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |

طلبہ سے پوچھیں:

- کس سورت کو قرآن مجید کا دل کہا گیا ہے؟
- کس سورت میں بسم اللہ دو مرتبہ آئی ہے؟

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: قرآن مجید کے پارہ نمبر ۱۹ تا ۳۰ کے نام لکھیں۔

| پارہ نمبر | نام |
|---|---|
| پارہ نمبر ۱۹ | |
| پارہ نمبر ۲۰ | |
| پارہ نمبر ۲۱ | |
| پارہ نمبر ۲۲ | |
| پارہ نمبر ۲۳ | |
| پارہ نمبر ۲۴ | |
| پارہ نمبر ۲۵ | |
| پارہ نمبر ۲۶ | |
| پارہ نمبر ۲۷ | |
| پارہ نمبر ۲۸ | |
| پارہ نمبر ۲۹ | |
| پارہ نمبر ۳۰ | |

| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 1 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حفظِ قرآن مجید |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آیۃ الکرسی کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں اور طلبہ سے آوازِ بلند پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ قرآن مجید کو پڑھنا اور حفظ کرنا بہت فضیلت والا عمل ہے۔ طلبہ کو بتائیں آیۃ الکرسی قرآن مجید کی عظیم آیت ہے یہ سورۃ البقرہ کی 255 نمبر آیت ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: ''ہر چیز کا ایک بلند حصہ ہوتا ہے اور قرآن کا بلند حصہ سورۃ البقرہ ہے۔ اس میں ایک آیت ہے جو سب آیتوں کی سردار ہے وہ آیۃ الکرسی ہے، جس گھر میں پڑھی جائے گی اس میں سے شیطان ضرور بھاگ جائے گا۔''

(الترمذی فی السنن)

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر ۶ کھولنے کی ہدایت کریں اور استاد پہلے خود آیۃ الکرسی کو بلند آواز اور درست تلفظ تجوید کے ساتھ تلاوت کریں اور طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ ادب اور توجہ سے آیۃ الکرسی کی تلاوت سنیں۔
- اس کے بعد طلبہ سے تعوذ اور تسمیہ پڑھوائیں اور انھیں بتائیں کہ آیۃ الکرسی کو حفظ کرنے کے لیے اس کے تین حصے کر لیں۔ پہلے حصے

  اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

  کی تلاوت ٹھہر ٹھہر کر اور قواعد تجوید کا خیال رکھتے ہوئے کروائیں۔

- دُرُست تلفّظ اور حرکات کی ادائی کا خاص خیال رکھیں۔
- طلبہ کو پہلے حصّے کی چار سے پانچ بار پڑھائی کروائیں۔ کمزور طلبہ پر خصوصی توجہ دیں اور ہر لفظ کو اس طرح ادا کروایا جائے کہ طلبہ کو ذہن نشین ہو جائے۔
- طلبہ کو بتائیں آیۃ الکرسی کی تلاوت کا ثواب بہت زیادہ ہے۔ نماز کے بعد، سونے سے پہلے، گھر سے نکلتے ہوئے، کسی مشکل کے وقت آیۃ الکرسی کا پڑھنا بہت مستحب ہے۔

**اعادہ:** **2منٹ**

آیۃ الکرسی کے پہلے حصے کو بچوں کے ساتھ مل کر دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے آیۃ الکرسی کا پہلا حصہ زبانی سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کے درمیان مقابلہ حسن قرأت منعقد کروائیں اور بہترین قرأت کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کریں۔